	کام، پیشہ، ذریعہ معاش، مال و دولت، ہدیہ جات دینا جسم کلیسیا، جماعت، گھریلو گروپ، رفاقت، خدا کی بادشاہی۔ موت + جی اُٹھنا، بدن، جان/ روح		

طریقہ کار: بائبل کے مطالعہ کے طریقے اور خدا کے ساتھ ذاتی وقت گزارنے کے درمیان فرق پر غور کریں۔

مقصد: ایک ساتھ بائبل کے مطالعہ کا مقصد یسوع مسیح اور ایکدوسرے کے ساتھ تعلقات میں نشوونما پانا ہے۔ یہ بائبل کا علم اور فہم حاصل کرنے اور اُس پر عمل کرنے میں ایک دوسرے کی مدد کرنا ہے۔ اِس لئے یہ ضروری ہے کہ گروپ کے لوگ، بائبل کے مطالعہ میں حصہ لینے کے لئے ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کریں۔ گروپ کے ہر فرد کی شرکت داری بہت اہم ہے۔ اگر کوئی بات جو ایک فرد کرے وہ (علمِ الٰہی کی رُو سے) درُست نہ ہو تو اُس شخص کو خاموش نہ کیا جائے۔ گروپ کا ہر شخص محسوس کرے کہ جب وہ بولتا ہے تو دوسرے لوگ اُسکے بیان کو سنتے ہیں، اُسکو سنجیدگی سے لیتے اور قبول کرتے ہیں۔ گروپ کے لوگ بائبل کی معلومات میں ایک دوسرے سے مُقابلہ نہیں کر رہے بلکہ سمجھیں کہ نشوونما پانے اور اِعتماد سے بات کرنے کے لئے ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ایک دوسرے سے محبت رکھتے ہیں۔

گروپ کے راہنما: گروپ کے راہنما کو چاہئے کہ بائبل کے مطالعہ کے دوران اُستاد نہ بنے بلکہ بطور ایک کارکن حصہ لے۔ وہ بائبل میں سے حقائق دریافت کرنے اور اُن کو بات چیت میں لانے سے گروپ کے ارکان کی مل کر سیکھنے میں حوصلہ افزائی کرے۔

فوائد: بائبل پڑھنے کے پانچ عملی طریقے میں مندرجہ ذیل فائدے ہیں:

☆ یہ بائبل کے مطالعہ کا ایسا طریقہ ہے جو آسانی سے پڑھا اور دوسروں کو منتقل کیا جا سکتا ہے۔

☆ یہ ایسا طریقہ ہے جو گروپ میں یا اکیلے بائبل کے مطالعہ میں اِستعمال کیا جا سکتا ہے۔

☆ یہ طریقہ چھوٹے گروپ میں ہر فرد کو بائبل کے مطالعہ میں مشغول کرتا ہے۔

☆ گروپ کے لوگوں نے جو پہلے دریافت کیا اور سمجھا ہے اُس سے لطف اندوز ہوں۔ اِس سے پہلے کہ وہ اپنے سوالوں کو سمجھنے کی کوشش کریں۔

☆ گروپ کے لوگ وہ سوال کرتے ہیں جو اُنکی زندگی سے متعلق ہو۔

☆ گروپ کے لوگ جتنا ممکن ہو سوالوں کے جواب ڈھونڈنے میں حصہ لیں۔

☆ گروپ کے لوگ بائبل کی سچائیوں کو اپنی زندگی سے سچائیوں کے ممکن اِطلاقات اور سوچنے کی مدد سے تعلق بنانے کو سیکھتے ہیں۔

☆ گروپ کے لوگ ممکن اِطلاقات سے ذاتی اِطلاق کو آسان بنا سکتے ہے۔

☆ خدا نے بائبل میں سے جو اُنہیں سکھایا ہے گروپ کے لوگ اُسکا جواب دُعا میں دیتے ہیں۔

قدم نمبر 1۔ پڑھیں۔ خدا کا کلام

پڑھیں: چلیں ہم ایک ساتھ پڑھیں ----------(بائبل کا حوالہ)۔

باری باری ایک ایک آیت کو پڑھیں جب تک پڑھائی ختم نہ ہو جائے۔

قدم نمبر 2۔ **دریافت** **مُشاہدات**

قیاس: اِس حصے میں سے کونسا سچ آپکے لئے اہمیت کا حامل ہے؟ یا کونسے سچ نے آپکے دِل و دماغ کو چھوا ہے؟

درج کریں: آپ نے جو سچائیاں سمجھی ہیں اُن میں سے ایک یا دو سچائیوں کو دریافت کریں ۔اُنکے بارے میں سوچیں اور اپنے خیالات کو نوٹ بک میں درج کریں ۔

بیان کریں: (جب گروپ کا ہر فرد دو منٹ تک سوچ لے اور اُسکو لکھ چکے تو باری باری اُنکو بیان کرنے دیں) ۔چلیں ہم باری باری جو ہم نے دریافت کیا ہے اُسکو بیان کریں ۔

مندرجہ ذیل کچھ مثالیں ہیں جو لوگوں نے دریافت کی ہیں ۔یاد رہے کہ چھوٹے گروپوں میں گروپ کے لوگ مختلف چیزوں کو بیان کرینگے ضروری نہیں کہ ایک ہی چیز کو)۔

قدم نمبر 3۔ **سوال** **تشریح**

غور کریں: اس حصے میں سے کونسا ایسا سوال ہے جو آپ گروپ کے لوگوں سے کرنا چاہیں گے؟

چلیں ہم ---------- کی تمام سچائیوں کو سمجھنے کی کوشش کریں اور جو سمجھ میں نہیں آئے اُنکے بارے میں سوال کریں۔

درج کریں: اپنے سوالوں کو جتنا صاف اور سادہ ممکن ہو تیار کریں اور پھر اُنکو اپنی نوٹ بک میں درج کریں۔

بیان کریں: جب گروپ کا ہر فرد دو منٹ تک سوچ اور لکھ چکے، پھر ہر فرد کو باری باری وہ سوالات بیان کرنے دیں ۔

گفتگو کریں: کچھ سوالوں کو چن کر گروپ میں ایکدوسرے کے ساتھ بات چیت کر کے اُنکے جوابات دینے کی کوشش کریں ۔

عمل نمبر 4۔ **عمل** **اِطلاقات**

قیاس کریں: اس حصے میں کون سی سچائیاں ہیں جو زندگیوں کے لئے ممکن اِطلاقات ہیں؟

بیان اور درج کریں: چلیں ہم ایکدوسرے کے ساتھ بات چیت کر کے یوحنا ---------- سے ممکن اِطلاقات کی ایک فہرست تیار کریں ۔

قیاس کریں: کونسے ممکن اِطلاقات کو خدا آپکے ذاتی اِطلاقات میں تبدیل کرنا چاہتا ہے؟

درج کریں: اُس ذاتی اِطلاق کو اپنی ڈائری میں درج کریں ۔اُسکو بیان کرنے میں آزادی محسوس کریں ۔(یاد رہے کہ ہر گروپ میں لوگ مختلف سچائیوں کو اپنائیں گے اور یہاں تک کہ ایک ہی سچائی کے مختلف اِطلاقات بنائیں گے ۔مندرجہ ذیل ممکن سچائیوں کی ایک فہرست ہے):

عمل نمبر 5۔ **دُعا** **جواب**

چلیں ہم باری باری جو خدا نے ہمیں ---------- میں سکھایا ہے اُس کے لئے دُعا کریں ۔(اپنی دُعا میں جو آپ نے بائبل کے مطالعہ کے دوران سیکھا ہے اُسکا جواب دیں ۔ایک یا دو سطروں میں دُعا کرنے کی مشق کریں ۔یاد رہے کہ ہر گروپ میں لوگ مختلف مسائل پر دُعا کریں گے)۔